## 12 مئی کا واقعہ ایم کیوایم کے خلاف منظّم سازشی منصوبے کا حصہ تھا، سلیم شہزاد

## پرعزم کارکنان ہر امتحان کا سامنا کرنے کیلئے ذہنی وجسمانی طور پر تیار ہیں، جاوید کاظمی

## ایم کیوایم کینیڈا کے ماہانہ جنرل ورکرز اجلاس سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔29، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ 12 مئی کا واقعہ ایم کیوایم کے خلاف منظّم سازشی منصوبے کا حصہ ہے جس کا مقصد ملک بھر میں ایم کیوایم کو بدنام کرنا اور ایم کیوایم کے بڑھتے ہوئے کام کو روکنا ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے کینیڈا کے ماہانہ جنرل ورکرز اجلاس سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس سے رابطہ کمیٹی کے رکن جاوید کاظمی نے بھی گفتگو کی۔ ایم کیوایم کے کینیڈا کے اجلاس میں ٹورنٹو ایسٹ، ٹورنٹو ویسٹ، اوٹاوہ، ونڈسر، مانٹریال اور کیلگری یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے سلیم شہزاد نے کہا کہ حق پرست قیادت کی دن رات محنت سے کراچی میں ترقیاتی منصوبے تیزی سے پایہ تکمیل کو پہنچ رہے تھے، عوامی مسائل حل کیے جارہے تھے اور شہریوں کو درپیش بنیادی مسائل پر بھرپور توجہ دی جارہی تھی جس کے باعث کراچی میں نہ صرف امن وامان کی صورتحال بہتر تھی اور ترقیاتی کام ہورہے تھے بلکہ بیرونی سرمایہ کاری میں بھی اضافہ ہورہا تھا۔ 12، مئی کے واقعہ کے ذریعے شہر میں ترقی کے سفر کو روکنے کی بھی کوشش کی گئی۔ انہوں نے اکتوبر 2005ء کو صوبہ سرحد اور آزاد کشمیر میں قیامت خیز زلزلے میں ایم کیوایم کی عملی عوامی خدمات اور ایم کیوایم کے طرز سیاست سے متاثر ہوکر ملک بھر کے عوام تیزی سے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کررہے تھے اور ایم کیوایم کی عوامی مقبولیت کا گراف تیزی سے بڑھ رہا تھا جو کہ مفاد پرست عناصر کیلئے قابل قبول نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سے عوام کو بدظن کرنے کیلئے ہمیشہ سازشیں کی جاتی رہی ہیں اور 12، مئی کا واقعہ بھی ایم کیوایم کو بدنام کرنے اور ایم کیوایم سے عوام کو بدظن کرنے کی منظّم سازش کا حصہ ہے جس کا مقصد کراچی میں لسانی فسادات کی آگ بھڑکانا اور ایم کیوایم کو بدنام کرنا ہے۔ انہوں نے دنیا بھر میں مقیم ایم کیوایم کے کارکنان پر زور دیا کہ وہ ایم کیوایم کے خلاف کیے گئے منفی پروپیگنڈوں کو زائل کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور ایم کیوایم کا پیغام پھیلانے کیلئے اپنی تمام تر صلاحتیں بروئے کار لائیں۔ قبل ازیں رابطہ کمیٹی کے رکن جاوید کاظمی نے کہا کہ ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اور ملک میں صحیح معنوں میں جمہوریت کے نفاذ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حق پرستی کی جدوجہد میں آزمائشوں کے مراحل آتے رہتے ہیں اور تحریک کے نظریاتی کارکنان ہر مشکل اور کڑے وقت کا ثابت قدمی سے مقابلہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان ہر امتحان کا سامنا کرنے کیلئے ذہنی وجسمانی طور پر تیار ہیں۔ آخر میں ایم کیوایم کے تمام شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔

## کراچی میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا نوٹس لیا جائے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔29، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا فوری نوٹس لیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی جانب سے شہر میں 2 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کا اعلان کیا گیا تھا لیکن شہریوں کو 6 سے 8 گھنٹے طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنا پڑرہا ہے جس کے باعث عوام میں شدید غم وغصہ پایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شدید گرمی اور حبس کے موسم میں بجلی جیسی بنیادی سہولت کی فراہمی نہ ہونے کے باعث ایک جانب شہریوں کے معمولات زندگی بری طرح سے متاثر ہورہے ہیں جبکہ دوسری جانب کراچی میں صنعتی اور کاروباری سرگرمیوں پر بھی منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ ادارے کی جانب سے کئی مرتبہ بجلی کی فراہمی میں تعطل دور کرنے کے بلندوبانگ دعوے کئے جاچکے ہیں لیکن اس کے باوجود شہریوں کو مسلسل بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا عذاب جھیلنا پڑرہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ ارکان سندھ اسمبلی نے صدر جنرل پرویز مشرف اور وزیراعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں KESC کی جانب سے اعلان کردہ اوقات سے زائد بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس کے سدباب کیلئے فی الفور عملی اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## سرگودھا کی یوسی عاقل شاہ کے نائب ناظم تہورزمان اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہوگئے

## ایم کیوایم ہی سچی عوامی جماعت ہے جس نے غریب اور مڈل کلاس لیڈرشپ کو اسمبلیوں میں بھیجا۔تہورزمان

## ایم کیوایم جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کی جدوجہد کررہی ہے اسی لئے اسکے خلاف سازشیں کی جاتی ہیں۔ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ

## سازشوں کے ذریعے ایم کیوایم کو ملک کے دیگر حصوں میں پھیلنے سے روکنے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔راناساجدایڈوکیٹ

## سرگودھا کی تحصیل شاہ پور میں ایم کیوایم کے زیراہتمام منعقدہ جلسہ سے خطاب

سرگودھا۔۔۔29 مئی 2007ء

پنجاب کے ڈسٹرکٹ سرگودھا کی یونین کونسل عاقل شاہ کے نائب یوسی ناظم تہورزمان اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہوگئے ۔اس بات کا اعلان انہوں نے آج سرگودھا کی تحصیل شاہ پور میں ایم کیوایم کے زیراہتمام منعقدہ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔جلسہ میں ایم کیوایم کے کارکنوں اورسینکڑوں ہمدردوں نے شرکت کی ۔جلسہ سے ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی اوروفاقی پارلیمانی سیکریٹری ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ اور ایم کیوایم سرگودھاڈسٹرکٹ کے انچارج راناساجدایڈوکیٹ نے بھی خطاب کیا۔تہورزمان نے جلسہ سے اپنے خطاب میں کہاکہ ایم کیوایم ہی ایک سچی جمہوریت پسندعوامی جماعت ہے جس نے ملک میں غریب اور مڈل کلاس لیڈرشپ کو اسمبلیوں میں بھیجا اور مجھے ایم کیوایم کے فکر فلسفہ کو متعارف کرایااوراگر پاکستان میں غریبوں کا کوئی سچا لیڈر ہے تو وہ الطاف حسین ہے۔تہورزمان نے کہا کہ ملک سے جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کی جدوجہد میں وہ اورانکے ساتھی الطاف حسین کے ساتھ ہیں۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ نے کہاکہ ایم کیوایم ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کی جدوجہد کررہی ہے اسی لئے اس کے خلاف طرح طرح کی سازشیں کی جاتی ہیں اوراس کے خلاف منفی اورزہریلے پروپیگنڈے کئے جاتے ہیں۔انہوں نے مزید کہاکہ ہم ان سازشوں اورمنفی پروپیگنڈوں سے مایوس نہیں ہوں گے اوراپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ایم کیوایم سرگودھاڈسٹرکٹ کے انچارج راناساجدایڈوکیٹ نے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ قائدتحریک الطاف حسین برسوں سے جاگیردارانہ نظام کی چکی میں پسنے والے ملک بھر کے محروم ومظلوم عوام کیلئے امید کی آخری کرن ہیں،پنجاب کے محروم عوام جس تیزی سے ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں اس سے جاگیرداروں اوران کے ایجنٹوں میں کھلبلی مچی ہوئی ہے اسی لئے سازشی ہتھکنڈوں کے ذریعے پنجاب اورملک کے دیگر حصوں میں ایم کیوایم کو پھیلنے سے روکنے کی کوششیں کی جارہی ہیں ۔راناساجدایڈوکیٹ نے کہاکہ چاہے کتنی ہی سازشیں کرلی جائیں ہم قائدتحریک الطاف حسین کا ساتھ نہیں چھوڑیں گے اورایم کیوایم کے پلیٹ فارم سے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے ۔جلسہ میں ایم کیوایم سرگودھاڈسٹرکٹ کمیٹی کے ارکان سیدعابدعلی شاہ،احسن شہزادوڑائچ،ملک کامران،ملک عمران حیدر،علی رضاکلویا،ملک اصغر،اشعرخان،طارق صدیقی اورراؤتنویرعالم بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆